© rasailojaraid.com



اس کی زندگی کا بڑا حصہ بسر ہوا تھا۔ مصنف کا اندازِ بیان بہت دلچسپ ہے اور پوری کتاب پڑھنے پر اکساتا ہے۔ ہم لوگوں کے لئے اس کتاب کی اہمیت بس یہ نہیں کہ وہ گزشتہ صدی کے نمایاں سائنس دان اور مفکر کی زندگی کے نشیب و فراز پر روشنی ڈالتی ہے بلکہ وہ یہ سبق بھی سکھاتی ہے کہ عدم رواداری اور شدت پسندی کو بڑھاوا دینے والے معاشرے بالآخر تباہ ہوجاتے ہیں۔

---

عنوان: تحفظِ ناموسِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم

(سہ ماہی انوار رضا، جوہر آباد کی خصوصی اشاعت)

مدیر: ملک محبوب الرسول قادری

ناشر: انٹرنیشنل غوثیہ فورم، جوہر آباد

صفحات: 1200

قیمت: درج نہیں

تحفظِ ناموسِ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم دینِ اسلام اور ثقافت کی اساس ہے۔ اس لئے مسلمانوں کی تاریخ کے مختلف ادوار کے تقاضوں کے مطابق موثر اقدامات کئے جاتے رہے ہیں۔ یہ اقدامات پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک شخصیت کے تقدس اور احترام کو یقینی بنانے اور اسلامی تعلیمات کے بنیادی سرچشموں کی نگہداشت کے لئے ناگزیر ہیں۔

اس تحفظ کی ضرورت کا احساس ہماری روحانی زندگی کی بنیاد ہے اور عین فطری بھی ہے۔ جملہ مذاہب میں اپنی اپنی مقدس شخصیات کے احترام کی حفاظت کے لئے روایات اور قواعد وضوابط موجود ہیں۔ البتہ یہ ہے کہ مسلمانوں کے لئے اس ذمہ داری کا دائرہ دوسروں کے مقابلے میں بہت وسیع ہے۔ وجہ یہ ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کے تمام پیغمبروں پر ایمان رکھتے ہیں

© rasailojaraid.com